6002 ـ سودی قرض کی ادائیگی کرنے والے کو سود دینا

سوال

کیا ہم میں کسی ایک کے لیے ممکن ہے کہ وہ بنك سے حاصل کردہ سود کسی ایسے بھائی کو دے جو اسی بنك سے حاصل کردہ قرض کے فائدہ کی ادائیگی کرسکے، اس طرح ہم سب بنك کے ساتھ لین دین کا فائدہ حاصل کرسکیں گے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمد للہ جب آپ کو یہ ثابت ہو چکا کہ آپ کا دوست سود سے توبہ کر چکا ہے، اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ اس پر قرض ہے جس کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جارہا ہے، اور وہ ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتا، تو آپ کو جو سود دیا گیا ہے وہ اسے دے کر چھٹکارا حاصل کرلیں, اور اگر نہیں تو پھر نہ دیں.

واللہ اعلم .